© rasailojaraid.com

ششماہی علوم القرآن، علی گڑھ ۷/۲، جولائی۔ دسمبر ۱۹۹۲ء

# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں

• **تفصیل آیات القرآن**

تالیف: جول لابوم۔ عربی ترجمہ: فواد عبدالباقی

ناشر: سہیل اکیڈمی، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۶۷۲

قرآن کریم کے موضوعاتی اشاریہ پر مختلف زبانوں میں مسلسل کام جاری ہے۔ "تفصیل آیات القرآن" اسی نوع کی ایک مفید تالیف ہے۔ اسے اصلاً ایک فرانسیسی مستشرق JULES LA BEAUME نے عربی زبان میں تیار کیا تھا اور اسے ممتاز و معروف مصری عالم محمد فواد عبدالباقی نے عربی میں منتقل کیا ہے۔ اسے ترتیب دیتے وقت پہلے قرآن کریم کے موضوعات کو اٹھارہ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے اور پھر ہر باب کے تحت ذیلی مضامین جمع کیے گئے ہیں اور اس طرح تقریباً ساڑھے تین سو عنوانات قائم کئے گئے ہیں۔ اصل تالیف میں ہر عنوان کے تحت صرف سورۃ و آیت نمبر مذکور تھے۔ مترجم نے آیتوں کے حوالوں کے ساتھ آیات کے متن کو درج کر کے اس کتاب کی افادیت کو بہت کچھ بڑھا دیا ہے۔ "المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الحکیم اور "مفتاح کنوز السنۃ" کے ساتھ "تفصیل آیات القرآن" بھی محمد فواد عبدالباقی کی اہم و مفید تالیف ہے۔

رموز سورہ یوسف۔ تصنیف: ڈاکٹر غلام محمد

ناشر: ادارہ نشر المعارف، شہرستان بلڈنگ، اسٹریچی روڈ، کراچی۔ پاکستان۔

صفحات: ۱۰۰ قیمت: غیر مندرج

© rasailojaraid.com